© rasailojaraid.com



جامعہ جب سے قائم ہوا ہے تب سے "الخیر" کی اشاعت و تبلیغ اور تعلیم و تقسیم جاری ہے۔ بحمد اللہ کہ اب جواں ہمت نوجوان فاضل مولانا محمد حنیف صاحب جو مولانا خیر محمد صاحب کے پوتے اور جامعہ خیر المدارس کے مہتمم ہیں۔ اور مولانا محمد ازہر اور ان کے مخلص رفقاء کے بلند ہمتی کے صدقے ماہنامہ "الخیر" کے اجرا کی صورت میں جامعہ خیر المدارس کے تقسیم خیرات میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔ اس وقت ہمارے سامنے الخیر کا نقش اول وثانی موجود ہے۔ از اول تا آخر توقعات سے بڑھ کر "الخیر" کو "خیر ہی خیر" پایا۔ مضامین معیاری، اداریئے جاندار، مضامین کا تنوع وانتخاب، معیاری کاغذ، بہترین کتابت، عمدہ طباعت اور رنگین سرورق، الغرض الخیر ایک حسین گلدستہ ہے۔ جو گلشن علم نبوت کی زینت ہے۔ علمی اور ادبی حلقوں سے پذیرائی کی پُر زور سفارش ہے۔ ادارہ "الحق" اپنے معاصر "الخیر" کے اجراء پر مولانا محمد حنیف اور مولانا محمد ازہر اور الخیر کی مجلس ادارت کے تمام رفقاء کو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہے۔

**دیواریں اور غاریں** مؤلف۔ پرنسپل حافظ نذر احمد۔ سائز $\frac{20\times30}{16}$ صفحات ۲۸۸۔ قیمت پندرہ روپے ملنے کا پتہ۔ مسلم اکادمی۔ محمد نگر $\frac{29}{18}$ لاہور ۵

مؤلف صاحب قلم ادیب ہیں۔ اور علمی حلقوں میں متعارف ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب آپ کی تازہ تالیف ہے۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے۔ کتاب کا تعلق تاریخ سے ہے۔ اہم تاریخی دیواریں، کنوئیں، غاریں اور وادیاں جن کا آثار مذاہب اور آثار قدیمہ سے گہرا تعلق ہے اور اب تاریخ کا گم شدہ ورق بن کر رہ گئے ہیں۔ مؤلف نے اس سلسلہ میں اہم معلومات فراہم کی ہیں۔ کتاب کے بیس عنوانات سے متعلق سترہ نقشے، خاکے اور تصاویر بھی شامل ہیں۔ جس سے کتاب کی افادیت میں اضافہ ہو گیا ہے۔

**مسئلہ تکفیر اور اکابر دیوبند** از علامہ شمس الحق افغانی۔ باہتمام محمد ادریس حقانی۔ شعبہ تصنیف دار العلوم اسلامیہ عربیہ شیر گڑھ۔ مردان۔ قیمت چار روپے

رسالہ کی عظمت، مضمون کی اہمیت اور علمی ثقاہت کے لئے یہ بات کافی ہے۔ کہ شمس العارفین حضرت علامہ افغانی اس کے مؤلف ہیں۔ مسئلہ تکفیر اور اکابر دیوبند دراصل حضرت افغانی کا علمی و تحقیقی مقالہ ہے جو ماہنامہ "الرشید" کے دار العلوم دیوبند میں شائع ہوا تھا۔

مولانا محمد ادریس حقانی جو دار العلوم حقانیہ کے فاضل اور دار العلوم شیر گڑھ کے مدرس اور "الاصلاح" کے مدیر ہیں۔ اسے ایک علیحدہ کتابچہ کی صورت میں افادہ عام کی غرض سے شائع فرمایا ہے۔ جو علمی ذوق رکھنے والوں کے لئے ایک نادر تحفہ ہے۔ قیمت واجبی ہے۔

**معلم التجوید** تالیف۔ حضرت مولانا قاری محمد شریف صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔ صفحات ۲۴۶ قیمت ۱۸ روپے



© rasailojaraid.com